علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

(کلیہ عربی وعلوم اسلامیہ)

(شعبہ شریعہ)

وارننگ

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ

1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری" Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: اسلام کا بین الاقوامی قانون۔2954 سمسٹر: خزاں، 2026ء

سطح: بی ایس علوم اسلامیہ (اسلامک لاء اینڈ جیورس پروڈینس)

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔ (ہدایات برائے طلباء ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ، ایم فل اور پی ایچ ڈی)

1) تمام سوالات لازمی ہیں اور تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔
2) سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔۔ سوال کے تمام اجزاء کا جواب دیں۔
3) ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین (scanned) امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔
4) ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اپ لوڈ کریں۔
5) مقررہ تاریخ کے بعد/تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ ہو سکیں گی جس کا ذمہ دار طالب علم ہی ہو گا۔
6) آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرز تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔
7) غیر متعلقہ بحث/معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

# امتحانی مشق نمبر 1

(یونٹ: 1تا5)

کل نمبر 100          کامیابی کے نمبر 50

سوال نمبر 1: دنیا کی دو داروں میں تقسیم پر مختلف فقہاء کی آراء کا تجزیہ پیش کریں۔ (20)

سوال نمبر 2: مسلم اور غیر مسلم کا کیا تصور ہے؟ نیز اہل کتاب اہل ذمہ، اہل صلح اور محار بین میں فرق واضح کریں۔ (20)

سوال نمبر 3 مندرجہ ذیل پر تفصیلی نوٹ لکھیں۔ (20)

ا۔ بین الاقوامی معاہدات          ۲۔ قواعد فقھیہ

سوال نمبر 4: بین الاقوامی اسلامی قانون کے دائرہ کار اور تنازعات کے حل کو وضاحت کے ساتھ لکھیں۔ (20)

سوال نمبر 5: اسلامی سفارت کاری کے زریں اصول تفصیل کے ساتھ قلم بند کریں۔ (20)

# امتحانی مشق نمبر 2

(یونٹ نمبر 6تا9)

کل نمبر 100          کامیابی کے نمبر 50

سوال نمبر 1: سفیروں کے امتیازات مالیہ کو فقہاء کی آراء کی روشنی میں واضح کریں۔ (20)

سوال نمبر 2: مندرجہ ذیل پر نوٹ لکھیں۔ (20)

ا۔ جنگ بندی کا معاہدہ          ۲۔ معاہدہ ذمہ

سوال نمبر 3: جہاد کا مفہوم لکھیں۔ نیز جہاد کے اقسام پر تفصیلی نوٹ قلم بند کریں۔ (20)

سوال نمبر 4: شریعت اسلامیہ کی روشنی میں ذمیوں کے فرائض پر تفصیل کے ساتھ بحث کریں۔ (20)

سوال نمبر 5: شریعت اسلامیہ کی روشنی میں افراد اور املاک پر جنگ کے اثرات کو تفصیل کے ساتھ قلم بند کریں۔ (20)